1/1

چیف ایڈیٹر، سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان

THE DAILY PAKISTAN

06_04_2025

پی ٹی اے کیخلاف شکایات کے انبار، وفاقی محتسب مظفرآباد نے حکام کو طلب کرلیا

کسی وفاقی ایجنسی یا ادارہ کیخلاف بدعنوانی کی شکایت ہو تو عوام ایک سادہ کاغذ پر درخواست دے سکتے، منصور قادر

عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہمارا مینڈیٹ، 6 ماہ کے دوران 850 شکایات کا ازالہ کیا، روزنامہ پاکستان کو انٹرویو

مظفرآباد (عبدالواجد خان) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ مظفرآباد میں پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی کیخلاف شکایات کے انبار کے بعد پی ٹی اے حکام کو مظفرآباد طلب کرلیا گیا۔ عوامی مسائل بلامعاوضہ ان کی دہلیز پر حل کرنا ہمارا مینڈیٹ ہے۔ صرف چھے ماہ کے دوران 850 شکایت دہندگان کے مسائل حل کردیے۔ کمشنر وفاقی محتسب آزاد کشمیر ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار کا "روزنامہ پاکستان" کو خصوصی انٹرویو۔ وفاقی محتسب ریجن مظفرآباد کے کمشنر/ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار نے بتایا کہ وفاقی محتسب کا قیام 1983 میں ایک صدارتی حکم کے تحت عمل میں لایا گیا۔ جس کا مقصد ملک بھر میں 192 سرکاری ایجنسیز/محکمہ جات و اداروں میں بدعنوانی و دیگر شکایات کا ازالہ کرنا تھا تاہم 2013 میں وفاقی محتسب ایکٹ منظور ہوا اور بذریعہ ریگولیشن پاس ہوا جو اب ہمارے پاس کتابی صورت میں موجود ہے۔ جس کے تحت تمام صوبوں بشمول گلگت بلتستان و آزاد کشمیر میں ریجنل آفس کھولے گئے تاہم آزاد کشمیر میں وفاقی محتسب کا دفتر نہیں کھولا گیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ذاتی کاوشوں سے مظفرآباد میں ریجنل دفتر اگست 2024 میں قائم کیا اور ریجنل ہیڈ کی مشتہر آسامی بذریعہ انٹرویو پر کی گئی۔ صرف چار افراد کے سٹاف پر مشتمل ریجنل آفس نے اب تک بہترین کارکردگی دکھائی ہے۔ منصور قادر ڈار نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ کسی بھی وفاقی ایجنسی یا ادارہ کیخلاف کسی بھی قسم کی بدعنوانی کی شکایت ہو تو عوام ایک سادہ کاغذ پر درخواست شناختی کارڈ کی کاپی اور موبائل نمبر کے ہمراہ ہمارے دفتر میں جمع کرواسکتے ہیں جو افراد دفتر نہیں آسکتے وہ لینڈ لائن فون نمبر 05822-940241 یا وفاقی سطح پر قائم مفت ہیلپ لائن 1055 پر کال کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بذریعہ انٹرنیٹ گھر بیٹھے شکایات درج کرنے کیلئے بھی ای میل lwmsromzd@gmail.com اور ویب سائٹ www.mohtasib.gov.pk پر شکایت کی جاسکتی ہے

مظفرآباد: کمشنر وفاقی محتسب آزاد کشمیر ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار "روزنامہ پاکستان" سے گفتگو کررہے ہیں

khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | Khabraindigital

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ لاہور، اسلام آباد، ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، پشاور، سکھر اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونیوالا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں مظفرآباد

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد: 22 | اتوار 7 شوال المکرم 1446ھ 6 اپریل 2025ء 24 چیت 2081 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 165

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ مظفرآباد میں پی ٹی اے کیخلاف شکایات کے انبار، حکام طلب

عوامی مسائل انکی دہلیز پر حل کرنا ہمارا مینڈیٹ، صرف 6 ماہ کے دوران 850 شکایت نادہندگان کے مسائل حل کر دیئے ہیں

کسی بھی وفاقی ایجنسی یا ادارہ کیخلاف شکایت عوام درخواست شناختی کارڈ کی کاپی اور موبائل نمبر کے ہمراہ جمع کروائیں، منصور قادر ڈار

مظفرآباد (وقائع نگار) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2

بقیہ نمبر 2 // طلب کرلیا

مظفرآباد میں پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی کیخلاف شکایات کے انبار کے بعد پی ٹی اے حکام کو مظفرآباد طلب کرلیا گیا۔ عوامی مسائل بلا معاوضہ ان کی دہلیز پر حل کرنا ہمارا مینڈیٹ ہے۔ صرف چھ ماہ کے دوران 850 شکایت نادہندگان کے مسائل حل کردیے۔ کمشنر وفاقی محتسب آزاد کشمیر ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار کی میڈیا سے خصوصی گفتگو۔ وفاقی محتسب ریجن مظفرآباد کے کمشنر/ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار نے بتایا کہ وفاقی محتسب کا قیام 1983 میں ایک صدارتی حکم کے تحت عمل میں لایا گیا۔ جس کا مقصد ملک بھر میں 192 سرکاری ایجنسیز/محکمہ جات و اداروں میں بدعنوانی و دیگر شکایات کا ازالہ کرنا تھا تاہم 2013 میں وفاقی محتسب ایکٹ منظور ہوا اور بذریعہ ریگولیشن پاس ہوا جو اب ہمارے پاس کتابی صورت میں موجود ہے جس کے تحت تمام صوبوں بشمول گلگت بلتستان و آزاد کشمیر میں ریجنل آفس کھولے گئے تاہم آزاد کشمیر میں وفاقی محتسب کا دفتر نہیں کھولا گیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ذاتی کاوشوں سے مظفرآباد میں ریجنل دفتر اگست 2024 میں قائم کیا اور ریجنل ہیڈ کی مشتہر آسامی بذریعہ انٹرویو پر کی گئی۔ صرف چار افراد کے سٹاف پر مشتمل ریجنل آفس نے اب تک بہترین کارکردگی دکھائی ہے۔ منصور قادر ڈار نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ کسی بھی وفاقی ایجنسی یا ادارہ کیخلاف کسی بھی قسم کی بدعنوانی کی شکایت ہو تو عوام ایک سادہ کاغذ پر درخواست شناختی کارڈ کی کاپی اور موبائل نمبر کے ہمراہ ہمارے دفتر میں جمع کروا سکتے ہیں جو افراد دفتر نہیں آسکتے وہ لینڈ لائن فون نمبر 05822-940241 یا وفاقی سطح پر قائم مفت ہیلپ لائن 1055 پر کال کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بذریعہ انٹرنیٹ گھر بیٹھے شکایات درج کرنے کیلئے بھی ای میل rwmsromzd@gmail.com اور ویب سائٹ www.mohtasib.gov.pk پر شکایت کی جا سکتی ہے جبکہ وفاقی محتسب نے ایک اور اعلیٰ ترین کام یہ کیا ہے کہ ایک موبائل ایپ بھی متعارف کی ہے جو پلے سٹور پر wafaqi mohtasib کے نام سے دستیاب ہے جہاں پر شکایات دہندگان اپنی شکایت درج کر سکتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں منصور قادر نے بتایا کہ بلاک نمبر پانچ کمرہ نمبر 206 سیکنڈ فلور نیو سیکرٹریٹ مظفرآباد کے پتہ پر کی شکایت نادہندگان نے بذریعہ ڈاک بھی شکایات درج کروائیں انہوں نے بتایا کہ اب تک چھ ماہ کے دوران 1050 شکایات وصول ہوئیں جن میں 850 افراد کی شکایات کا ازالہ کرتے ہوئے متعلقہ محکموں اور اداروں سے انہیں ریلیف دلوایا جو کہ کل شکایات کا 85 فیصد بنتا ہے جن میں 60 فیصد کا تعلق بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض شکایات غیر حقیقی بھی تھیں لوگ اپنا سروے درست انداز میں نہیں کرواتے یا معذوری اور بیوہ ہونے کی صورت میں نادرہ سے ریکارڈ اپ ڈیٹ نہیں کرواتے جنہیں ہم موقع پر یہ کمزوریاں بھی [illegible] کروا رہے ہیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب و کمشنر برائے آزاد کشمیر منصور قادر ڈار نے بتایا کہ اگر کسی بھی شاکی کو مظفرآباد ریجنل آفس سے شکایت ہو تو وہ براہ راست وفاقی محتسب کو شکایت کر سکتا ہے اور اگر وفاقی محتسب سے بھی اسے تسلی نہیں ہوتی تو وہ براہ راست صدر پاکستان کو شکایت اسی طرح سادہ درخواست پر بغیر کسی چارجز کے کر سکتا ہے جس پر صدر پاکستان ایک کمیشن بنائیں گے اور اس کی داد رسی کردی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کا سب سے احسن کام یہ ہے کہ شکایت دہندہ کو دفتر بھی آنے کی ضرورت نہیں ہم اسے بذریعہ ٹیلیفون آن لائن لے کر اس کی شکایات کی سماعت کر لیتے ہیں اور فیصلہ ساٹھ دن کے اندر کیا جاتا ہے جس میں 45 دن ریجنل آفس اپنا کام مکمل کرتا ہے اور وفاقی محتسب بقیہ 15 دنوں میں حتمی فیصلہ کرتے ہیں۔ جو محکمے وفاقی محتسب کے فیصلے کیخلاف عمل نہیں کرتے ان کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے تاہم محکموں کو عملدرآمد کیلئے بسا اوقات ایک ماہ کا وقت دیا جاتا ہے اور اگر ایک ماہ کے اندر وہ متعلقہ شاکی کا کام نہ کریں تو دوبارہ اس پر سخت نوٹس لیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی کے خلاف آزاد کشمیر کے جملہ اضلاع سے صارفین نے شکایات کی ہیں جس پر پی ٹی اے حکام کو 18 اپریل کو مظفرآباد طلب کیا گیا ہے جبکہ مظفرآباد کے ایک صارف کی شکایت پر بھی 10 اپریل کو مظفرآباد میں پی ٹی اے حکام کو طلب کیا گیا ہے۔ عوام کو ٹیلی کام کی بہترین سروس فراہم کرنے کیلئے پاکستان کے بڑے ٹیلی کام اداروں اور [illegible] انتظامیہ نے بھرپور تعاون کا یقین دلایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہ اپریل میں پلندری، حویلی، کھوئی رٹہ اور راولاکوٹ میں کھلی کچہریاں لگائیں گے۔ اس کے علاوہ جہاں کہیں سے بھی شکایات زیادہ ہوئیں تو کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دائرہ اختیار میں سٹیٹ بینک، نیشنل بینک، سیٹ جملہ بینک یا پاکستان پوسٹ، نیشنل ہاؤسنگ، سٹیٹ لائف، ریڈیو پاکستان، پی ٹی وی، این ایچ اے، نادرہ، پاسپورٹ آفس، پاکستان بیت المال، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، وفاقی ادارہ برائے شماریات، واپڈا اور دیگر ادارے شامل ہیں۔ عوام بھرپور شعور کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلا جھجک شکایات درج کروائیں انہیں کسی قسم کا وکیل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی اخراجات ہوں گے تاہم کسی شاکی نے اگر کسی محکمہ یا آفیسر کے خلاف پہلے عدالت سے رجوع کر رکھا ہے تو اس کی شکایت عدالتی فیصلے تک زیر التوا رہے گی۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب نے شکایات کیلئے ایک سنٹرلائزڈ سسٹم متعارف کیا ہے جو CIMS((کمپلینٹ انفارمیشن سسٹم) متعارف کیا ہے جہاں پر ہر کوئی شکایت کر سکتا ہے۔